رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) | 224 ۔ فرسٹ ایئر (انٹرپارٹ۔II) | وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) | PAPER CODE = 8026 | کل نمبر : 20

(دوسرا گروپ)

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :

1-1	سمندر کے درمیان میں کون سی جگہ واقع تھی :	(A) کوہ ندا	(B) کوہ ہندوکش	(C) کوہ حبشہ	(D) کوہ سلیمان
2	موبائل فون کب ایجاد ہوا :	(A) 1980ء	(B) 1982ء	(C) 1984ء	(D) 1986ء
3	خدا کسی شریف انسان کو نہ لے جائے :	(A) دلّی	(B) ہوائی	(C) ہانگ کانگ	(D) کلکتہ
4	محکمہ بندوبست نے کام کیا ۔۔۔ :	(A) تقسیم اراضی کا	(B) پیمائش اراضی کا	(C) اشتمال اراضی کا	(D) لگان بڑھانے کا
5	سبق ''تشکیل پاکستان'' مصنف کی کس تصنیف سے ماخوذ ہے:	(A) کارنامہ اسلام	(B) قصص الانبیاء	(C) مسلمانوں کا ماضی، حال اور مستقبل	(D) طلسم زندگی

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

6	اگر یہی لیل ونہار ۔۔۔ تو کیا ہو گا :	(A) رہا	(B) رہی	(C) رہے	(D) رہیں
7	قلم دوات کہاں ۔۔۔ :	(A) رکھے ہیں	(B) رکھیں	(C) رکھا ہے	(D) رکھی ہے
8	وہ ۔۔۔ جھوٹا ہی نہیں، بددیانت بھی ہے :	(A) مگر	(B) اگر	(C) لیکن	(D) صرف

(ورق الٹئے)

9-1	اسلم کامیاب ہو گیا ۔۔۔ اکرم ناکام ہو گیا :	(A) جب کہ	(B) کیوں کہ	(C) بلکہ	(D) خواہ
10	ہم نے ملتان کے آموں کو ۔۔۔ :	(A) میٹھا پایا	(B) میٹھے پائے	(C) میٹھے پایا	(D) میٹھی پائی

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

11	جملے کے اختتام پر علامت لگائی جاتی ہے :	(A) ختمہ	(B) سکتہ	(C) ندائیہ	(D) سوالیہ
12	فجائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے :	(A) تفصیل دینے کے لیے	(B) پوچھنے کے لیے	(C) جذبات کے اظہار کے لیے	(D) کسی دانا کے قول کے لیے
13	جملہ معترضہ کے آغاز اور اختتام پر لگاتے ہیں :	(A) وقفہ	(B) وادین	(C) قوسین	(D) رابطہ
14	وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے :	(A) سوا[illegible]	(B) تفصیلیہ کی	(C) رابطہ کی	(D) ختمہ کی
15	رابطہ کو کہتے ہیں :	(A) وقف خفیف	(B) وقف لازم	(C) نصف وقفہ	(D) فجائیہ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :

16	نکلنا :	(A) سورج مشرق سے نکلتا ہے۔	(B) کلاس سے نکلنا منع ہے۔	(C) [illegible] کی طرف جا نکلا۔	(D) زمین سے پودا نکلا۔
17	بیٹھنا :	(A) بچہ گود میں بیٹھا ہے۔	(B) تم کہاں بیٹھے ہو؟	(C) یہ کیا کر بیٹھے؟	(D) یہاں بیٹھنا اچھا نہیں۔
18	سکنا :	(A) وہ انگریزی سیکھتا ہے۔	(B) تم نے سب کچھ سیکھا۔	(C) اب تم کھانا کھا سکتے ہو۔	(D) مریض سکتے میں ہے۔
19	کرنا :	(A) تم کیا کر رہے ہو؟	(B) تم میرا یہ کام کرنا۔	(C) وہ یہاں اکثر آتا ہے۔	(D) وہ یہاں آیا کرتا ہے۔
20	ہونا :	(A) آج جلسہ ہو رہا ہے۔	(B) مجھے ناراض نہیں ہونا چاہیے۔	(C) اسے کیا ہو گیا ہے؟	(D) بچہ بستر پر سویا ہوا ہے۔